# تعلقات عامہ دفتر

# جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

September 23,2024

پریس ریلیز

**ڈیجیٹل ہنر اور انٹر پرینور شپ کے فروغ کے لیے جامعہ ملیہ اسلامیہ کا جرمنی کے بین الاقوامی تعاون (جی آئی زیڈ) کے ساتھ اہم مفاہمت**

جامعہ ملیہ اسلامیہ نے 'ایشیا میں کامیابی کے لیے ڈیجیٹل صلاحیت اور ہنر' (ڈی ایس ٹو ایس) مہم کے تحت جرمنی بین الاقوامی کوآپریشن (جی آئی زیڈ) کے ساتھ ایک مفاہمت نامے پر دستخط کیا ہے۔ مفاہمت نامے کا مقصد جامعہ ملیہ اسلامیہ میں ڈیجیٹل مہارت، ملازمت کے حصول کے لائق بنانا اور انٹر پرینور شپ کو بہتر کرنے کے لیے طویل مدتی اہم ساجھیداری کو استوار کرنا ہے۔

جامعہ کے قائم مقام مسجل جناب نسیم حیدر نے پروفیسر محمد شکیل قائم مقام شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ کی موجودگی اور جی آئی زیڈ انڈیا کے نمائندوں جن میں پروجیکٹ ڈیجیٹل اسکل ٹو سکسید ان ایشیا کی سربراہ سبرینا گارشیا، تعلیم اور نوجوانوں کی مشیر محترمہ پریا سنی منی اور محترمہ مہر کور کی موجودگی میں اس مفاہمت نامے پر دستخط کیے۔

اس موقع پر جامعہ ملیہ اسلامیہ کے دیگر اہم عہدیداران پروفیسر ریحان خان سوری، ڈائریکٹر سینٹر فار انوویشن اینڈ انٹر پرینور شپ (سی آئی ای) پروفیسر منی ایس تھامس، ڈین فیکلٹی آف انجیئرنگ اینڈ ٹکنالوجی جامعہ ملیہ اسلامیہ، پروفیسر سیمی فرحت بصیر، ڈین اسٹوڈینٹس ویلفیئر، پروفیسر ایس ایم مذکر، انوویشن کوآرڈینیٹر، آئی آئی سی، چھ اعشاریہ صفر، پروفیسر نصیب احمد کنویز، آئی آئی سی، چھ اعشاریہ صفر، پروفیسر نثار خان، اسٹارٹ اپ کوآرڈینیٹر آئی آئی سی چھ اعشاریہ صفر موجود تھے۔

اشتراک کے اہم نکات

جامعہ ملیہ اسلامیہ اور جی آئی زیڈ جرمنی کے درمیان ساجھیداری اور اشتراک کا مقصد:

اول۔ مصنوعی ذہانت، ڈاٹا سائنس اور ڈیجیٹل انٹر پرینور شپ جیسے ڈیجیٹل مہارتوں میں ملازمت کے لائق بنانے کے چھوٹے چھوٹے کورسسز کو متعارف کرانا۔ ان مختصر لیکن اہم کورسیز کو جامعہ گریجویٹ پروگرام میں شامل کرنا

دوم۔ مصنوعی ذہانت اور ڈاٹا سائنس تھیم کے چار پانچ تربیتی سیشن کے ساتھ فیکلٹی ڈولپمنٹ پروگرام کا نفاذ تا کہ فیکلٹی اراکین نئی نسل کے ڈیجیٹل اختراعیت پسندوں کو کی رہنمائی و رہبری کر سکیں۔

سوم۔ مقامی ڈیجیٹل مہارت نیٹ ورک میں شرکت کو فروغ دینا جس میں ہندوستان، ویت نام، بنگلہ دیش اور جرمنی کی

یونیورسٹیوں کو جوڑا جائے۔ یہ اشتراک تین نیٹ ورک میٹنگ ہندوستان، ویت نام اور بنگلہ دیش میں سے ہر جگہ ایک ایک میٹنگ کے ساتھ نیٹ ورک تیار کرنا۔

**مشترکہ اقدار اور اہم وژن کے تئیں پابند عہد**

یہ مفاہمت نامہ ڈیجیٹل زمانے کی نئی نئی ضرورتوں، تقاضوں اور ترجیحات کے لیے باہمی عہد کو مضبوط و استوار کرتا ہے۔ دونوں ہی فریقوں نے عام اصولوں کی حمایت سے اتفاق کیا ہے جو پروجیکٹ کے اہداف کو طے کرتے ہیں اور جن سے فعال اور دیرپا ساجھیدارے فروغ پاتی ہے۔

پروفیسر محمد شکیل قائم مقام شیخ الجامعہ جامعہ ملیہ اسلامیہ نے اشتراک کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ 'جی آئی زیڈ کے ساتھ یہ اشتراک مستقبل کے لیے تیار صلاحیتوں اور مہارتوں کے ساتھ ہمارے طلبا اور فیکلٹی اراکین کو خود مختار بنانے کی راہ میں ایک اہم قدم ہے۔ جامعہ ملیہ اسلامیہ میں اختراعیت اور انٹر پرینورشپ کے فروغ کے وژن کے ساتھ یہ پوری طرح ہم آہنگ ہے۔''

جی آئی زیڈ انڈیا کی محترمہ سبرینا گارشیا نے ایسے جذبات و احساسات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ''جامعہ ملیہ اسلامیہ کے ساتھ کام کر کے ہم ایک ایسا پلیٹ فارم تیار کر رہے ہیں جو طلبا میں اہم ڈیجیٹل مہارتیں پیدا کرے گا اور وہ علاقائی اور عالمی ڈیجیٹل انقلاب میں اپنا تعاون دے سکیں گے۔

قوی توقع ہے کہ اس اشتراک سے جامعہ کے طلبہ اور اساتذہ دونوں ہی کے لیے نئے دروازے وا ہوں گے اور یونیورسٹی کو ایشیا میں ڈیجیٹل مہارت کی تعلیم اور انٹر پرینورشپ میں ایک رہنما کی حیثیت حاصل ہوگی۔

**تعلقات عامہ دفتر**

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی